# صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ یکم اپریل 2008 بمطابق 23 ربیع الاول 1429 ہجری صبح دس بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور ترجمہ

**اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم**

**قُلِ ٱللَّهُمَّ مَـٰلِكَ ٱلْمُلْكِ تُؤْتِى ٱلْمُلْكَ مَن تَشَآءُ وَتَنزِعُ ٱلْمُلْكَ مِمَّن تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَن تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَآءُ ۖ بِيَدِكَ ٱلْخَيْرُ ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ O تُولِجُ ٱلَّيْلَ فِى ٱلنَّهَارِ وَتُولِجُ ٱلنَّهَارَ فِى ٱلَّيْلِ ۖ وَتُخْرِجُ ٱلْحَىَّ مِنَ ٱلْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ ٱلْمَيِّتَ مِنَ ٱلْحَىِّ ۖ وَتَرْزُقُ مَن تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔**

(ترجمہ): کہو کہ اے خدا (اے) بادشاہی کے مالک تو جس کو چاہے بادشاہی بخشے اور جس سے چاہے بادشاہی چھین لے اور جس کو چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلیل کرے ہر طرح کی بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے اور بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ تو ہی رات کو دن میں داخل کرتا اور تو ہی دن کو رات میں داخل کرتا ہے تو ہی بے جان سے جاندار پیدا کرتا ہے اور تو ہی جاندار سے بے جان پیدا کرتا ہے اور تو ہی جس کو چاہتا ہے بے شمار رزق بخشتا ہے۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! اسفندیار ولی خان صاحب، اعظم خان هوتی صاحب او افراسیاب خټک صاحب د میلمنو گیلرئ کښې ناست دی، مونږه دوئ ته ویلکم کوؤ او د دوئ په راتگ باندے مونږه فخر کوؤ او زهٔ شکر گزار یمه چه تاسو ماله ټائم را کړو۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: پیر صابر شاہ صاحب۔

## پاک افغان سرحد کے بارے میں امریکی خفیہ ادارے کے سربراہ کا بیان

سید محمد صابر شاہ: آج جو معزز مہمان یہاں تشریف رکھتے ہیں، اسفندیار ولی خان صاحب، ہوتی صاحب اور افراسیاب خٹک صاحب، میں بھی ان کو یہاں، وہ اس ہاؤس کی آج کی کارروائی دیکھنے کیلئے مہمان گیلری میں بیٹھے ہیں، خوش آمدید کہتا ہوں۔ جناب سپیکر میں جس مسئلے پر آپ کی توجہ، جو انتہائی حساس بھی ہے اور اہم ہے اور جو انتہائی خطرناک بھی ہے اور جس مسئلے کی وجہ سے پورے صوبے کے اندر، یقیناً پورے پاکستان کے اندر لیکن بالخصوص صوبہ سرحد کے اندر، عوام کے اندر ایک بے چینی اور خوف اور ایک اضطراب کی کیفیت پیدا ہوئی ہے اور ایسا مسئلہ ہے جی کہ اس کو اگر آج ہم یہاں پر اس لاکر اور اس کیلئے ہم کوئی لائحہ عمل مرتب نہیں کرینگے تو اس کے بڑے خطرناک نتائج ہونگے اور وہ مسئلہ یہ ہے جناب سپیکر! کہ کل کے اخبارات میں یہ سی آئی اے کے، امریکن خفیہ ایجنسی سی آئی اے کے ڈائریکٹر مائیکل ہیڈن نے کہا ہے کہ پاک افغان سرحد جو ہے، یہ علاقہ دہشت گردی کیلئے، اگر امریکہ پر جو حملہ نائن الیون کی طرح ہوا تو وہ اسی علاقے سے یہ حملہ ہوگا اور اس سے پہلے کہ امریکہ پر ایسا حملہ ہو تو یہاں پر اس علاقے کے اندر جو تخریب کار ہیں ان کا قلع قمع کرنے کیلئے ضروری ہوگا کہ امریکہ جو ہے وہ اقدامات کریں یعنی حملہ کرے۔ تو جناب سپیکر! آج جبکہ ہم نئی صبح کا آغاز کررہے ہیں۔ پاکستان کے اندر جمہوری حکومت قائم ہوچکی ہے ،اب جمہوری انداز سے مل بیٹھ کر معاملات کو طے کیا جارہا ہے اور میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں، ہمارے جو انشاء اللہ منتخب ہوچکے ہیں اور ہاؤس بھی آج ان کو، اعتماد کا اظہار بھی ہوگا اور Oath بھی اٹھائینگے وزیر اعلیٰ حیدر ہوتی صاحب، انہوں نے جس طرح کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ یہ جولاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہے اور امن لانے کا جو عمل ہے اس میں ہم لوگوں سے مذاکرات کرکے اور ان مسائل کو ہم حل کرنا چاہتے ہیں۔

ایسے وقت میں جبکہ نئی حکومت امن کی طرف اور اس خطے سے طاقت کے استعمال کی بجائے گفت وشنید سے ان مسائل کو حل کرنا چاہتی ہے، ایسے وقت میں امریکہ جیسے ملک، جس نے اس سے پہلے بھی، اس محفوظ خطہ میں، اس دارلامن میں مداخلت کرکے اور فوجی کارروائی کرکے آج یہاں پر ہمارا امن تہہ وبالا ہو چکا ہے۔ آج اس صوبے کے عوام مر رہے ہیں، بموں کا شکار ہو رہے ہیں، خود کش دھماکے جن کا تصور نہیں تھا آج اس علاقے میں شب روز کا معمول بن چکے ہیں۔ ایک وجہ، اس کی بنیادی وجہ، امریکن کی مداخلت کی وجہ سے یہ کچھ ہوا اور اب جبکہ ان چیزوں کو ختم کرنے کیلئے جمہوری ادارے وجود میں آ چکے ہیں اور ایک Well سامنے آ رہی ہے صوبہ سرحد کی حکومت کی طرف سے تو امریکن کی طرف سے اتنا خوفناک اور خطرناک سٹیٹمنٹ کا آنا، میں سمجھتا ہوں جی اس سے ہمارا وجود جو ہے وہ خطرات سے دوچار ہو چکا ہے، ہماری سالمیت خطرات سے دوچار ہو چکی ہے اور آج جبکہ مرکز میں ہماری حکومت ہے، میں آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ اس کیلئے ایک تو اس پر وقت رکھا جائے اس پر ڈیبیٹ ہوں، اس کیلئے ایک جرگے کی تشکیل ہو جو ہم اپنے قائدین سے، اسفندیار ولی خان صاحب یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، یہاں پر تمام جماعتوں کی قیادتیں بشمول اپوزیشن یا حکومت، یہ ہم سب کا مسئلہ ہے اور ہم بیٹھ کر اور جا کر مرکز میں اپنی قیادت سے بات کریں کہ وہ امریکہ کے ان عزائم، یہ جو خطرناک عزائم ہیں اور جن کا رخ جو توپوں کا رخ ہے ہماری طرف ہے، آج پٹھان مر رہے ہیں، ہمارے پختون مر رہے ہیں، اس صوبے کے عوام مر رہے ہیں۔ آج ہمارے بچے، ہمارے جوان کو ایک ایسے راستے پر لگا دیا گیا ہے کہ جو تباہی کا راستہ ہے اور بربادی کا راستہ ہے۔ اس سلسلے میں میں آپ سے جناب سپیکر، آپ سے میں چاہونگا کہ اس پر ایک رولنگ آ جائے اور باقاعدہ ایک کمیٹی کی تشکیل ہو تاکہ ہم اپنی مرکزی قیادت کے ساتھ بیٹھ کر تاکہ قومی سطح پر اس مسئلے کو اٹھایا جا سکے۔ بہت بہت مہربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو پیر صاحب، آج کا دن چونکہ ایک خاص، اس ایوان کی تشکیل کے آخری مرحلوں میں ہم جا رہے ہیں تو آج کے دن دوسری کارروائی کی اس وقت اجازت نہیں دی جا سکتی۔ پہلے ہمیں ہاؤس کو Complete ہونے دو اپنی Process کو، اس کے بعد اس کیلئے دوبارہ، انشاء اللہ جلدی وہ کرینگے۔ ایک منٹ۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈا پور:</u> جناب سپیکر یہ ایک اہم مسئلہ ہے، اگر ہم سکول کے بچوں کی طرح خاموش بیٹھے رہے تو ہمیں سر، بتا دیں پھر ہم کتابیں لیکر ایک سائڈ پر بیٹھا کرینگے کیونکہ ہم تو ایوان کا تقدس چاہتے

ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ ایسے مسائل جن کی نشاندہی آج پیر صاحب نے کی ہے، اس پر سر کوئی ریزولیوشن وغیرہ آنی چاہیے، اس پر Debate ہونی چاہیے۔ جو ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب کے Ascertainment کا ووٹ ہے، ہم خود بھی ان کو ووٹ دینگے ایسی کوئی بات نہیں ہے لیکن یہ بھی ایک انتہائی اہم اور حساس مسئلہ ہے سر۔ اگر ہم بھی پچھلی حکومت کی طرح مصلحتوں کا شکار ہو جائیں اور کل کو ہمارے قبائلی علاقوں اور اس کے ساتھ آپ کا ایف آر کا علاقہ بھی لگتا ہے جو کہ آپ کے صوبائی حکومت کے تسلط میں آئیگا۔ تو سر، اگر اس طریقے سے ہم ایک مجرمانہ غفلت کرتے جائیں اور کل کو اللہ نہ کرے کہ ہمارے وہ حالات ہوں جو پچھلے پانچ سال میں گزرے ہیں تو میرے خیال میں یہ کوئی ہم صوبے کا مفاد Serve نہیں کرینگے۔ میری سر! آپ سے گزارش ہوگی کہ آپ مہربانی کرکے اس پر ایک ریزولیوشن لے آئیں کہ ہم مرکزی حکومت سے یہ استدعا کریں کہ وہ امریکی سفیر کو بلا کر اور یہ جو مائیکل ہیڈن نے اپنی War strategy کا اعلان کیا ہے، اس بارے ان سے باز پرس کی جائے کہ ان کا مقصد کیا ہے؟ کہ جب اسفند یار ولی خان صاحب پارلیمنٹ کی بات کرتے ہیں، یوسف رضا گیلانی صاحب پارلیمنٹ کی بات کرتے ہیں، محمد نواز شریف صاحب پارلیمنٹ کی بات کرتے ہیں تو ایسے وقت میں سی آئی آے کا ایک ڈائریکٹر اٹھ کر اس قسم کے پالیسی سٹیٹمنٹ دیتا ہے تو کیا وہ صرف ایک ادارے کا ترجمان ہے یا پورے امریکہ کی ایک سوچ ہے جو کہ آپ کے اور ہمارے علاقے کی بات کرتے ہیں؟

جناب سپیکر: تھینک یو گنڈاپور صاحب۔ مجھے اس ایوان کی کارروائی آگے بڑھنے دو، بعد میں میں آپ سب کو موقع دے رہا ہوں۔ پیر صاحب، میں سب کو موقع دے رہا ہوں، آپ کے پہلے۔۔۔۔۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، یہ ایک اہم مسئلہ ہے۔ جناب سپیکر، ہم تو آپ کی طرف دیکھ رہے ہیں، آپ سے ہم رہنمائی چاہتے ہیں۔ ہم نے ہر قدم پر آپ کی طرف دیکھنا ہے، آپ نے ہمارے سروں پر شفقت کا ہاتھ رکھنا ہے۔ آج ہم کس کیفیت میں ہیں؟ آج آپ آئیں، آپ کو ہم باہر لے جائیں، لوگوں سے ملیں، خوف ہے ہر طرف ایک ایسی کیفیت ہے، سر اگر ہم لوگوں کے ان زخموں پر، اگر کوئی Hope نہیں دینگے، لوگ نا امید ہو جائینگے کہ اللہ نہ کرے، اللہ نہ کرے اس ہاؤس سے لوگ نا امید ہو جائیں، اللہ نہ کرے جناب سپیکر، آپ خدا کیلئے، میں نے کل بھی گزارش کی آپ کی طرف سے واضح رولنگ نہیں آئی تھی۔ اب آپ ہماری رہنمائی فرمائینگے اور آپ کی مسکراہٹ میں یہ چیز میں دیکھ رہا ہوں کہ آپ رہنمائی کرینگے لیکن آپ کی خاموشی تباہی نہ ہو جائے سر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ضرور، ضرور۔۔۔

سید محمد صابر شاہ: تو آپ اس کیلئے ایک دن کا تعین کریں، اس کیلئے تعین کریں کہ فلاں دن کو اس پر ڈیبیٹ ہوگا اور اس پر ہم فیصلہ کریں، اس کو اسی طرح نہ جانے دیں۔

## وزیر اعلیٰ کا انتخاب

جناب سپیکر: ضرور پیر صاحب، آپ کی جذبات بالکل نوٹ ہو چکے ہیں اور اس پر، یہ ایک اہم ایشو ہے، میری خود بھی اپنی بھی، اس صوبے کے ہم سب رہنے والے ہیں سب کو اس مسئلے کی نزاکت کا پتہ ہے۔ اس پر میں آپ کے ساتھ چیمبر میں بیٹھ کر، سب کے ساتھ ایک وقت مقرر کرتے ہیں اور آئندہ اس کا وہ کریں گے لیکن پہلے مجھے ایوان کی کارروائی آگے بڑھنے دیں۔ معزز اراکین اسمبلی! گورنر صوبہ سرحد نے اسمبلی کے ممبران کی اکثریت کا اعتماد رکھنے والے رکن کا تعین یعنی Ascertainment کرنے کیلئے اسمبلی کا یہ خصوصی اجلاس بلایا ہے۔ اس سلسلے میں باقاعدہ طور سے Proposal Form مورخہ 31 مارچ 2008 کو ہاؤس میں تقسیم کئے گئے تھے اور جناب امیر حیدر خان صاحب ایم پی اے پر اعتماد کیلئے کاغذات نامزدگی درج ذیل ترتیب سے موصول ہوئے ہیں: نمبر 1 میاں افتخار حسین صاحب تجویز کنندہ، جناب واجد علی خان صاحب تائید کنندہ۔ دوسرا فارم جناب رحیم داد خان صاحب تجویز کنندہ، میجر لطیف اللہ خان صاحب تائید کنندہ۔ تیسرا فارم سید محمد صابر شاہ صاحب تجویز کنندہ، جناب منور خان صاحب تائید کنندہ۔ چوتھے نمبر پر جناب عبدالاکبر خان صاحب نے تجویز کیا ہے اور افتخار خان صاحب تائید کی ہے۔ پانچواں فارم جناب بشیر احمد بلور صاحب نے تجویز کیا ہے اور جناب ارباب محمد ایوب جان صاحب نے تائید کی ہے۔ چھٹے نمبر پر جناب پرویز خٹک صاحب تجویز کنندہ ہیں اور جناب مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ صاحب تائید کنندہ ہیں۔ جملہ موصول شدہ کاغذات نامزدگی درست قرار پائے گئے لہذا ایوان کی رائے معلوم کرنے کیلئے مروجہ قواعد 1988 کے قاعدہ 214 بمعہ 215 کے مطابق رائے شماری کی جاتی ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، یہ آپ نے Rule 214 کا ذکر کیا ہے Ascertainment کیلئے، تو آپ کو معلوم ہے کہ یہ اسمبلی کا سپیشل سیشن ہے۔ یہ ایک، جس طرح آپ نے پہلے کہا کہ یہاں پر اور کوئی ایجنڈا ڈسکس نہیں ہو سکتا کیونکہ یہ سپیشل سیشن بلایا گیا ہے For Ascertainment of the Chief Minister ۔ جناب سپیکر، یہ چار پانچ سال کے بعد ایک دفعہ ہوتا ہے کہ Ascertainment کیلئے 130 کے تحت اجلاس بلایا جاتا ہے لیکن Ascertainment اور الیکشن میں

زمین اور آسمان کا فرق ہے۔ الیکشن میں تو آپ خفیہ ووٹ ڈالتے ہیں اور خفیہ ووٹ میں جو بھی Majority لیتا ہے وہ Declare ہو جاتا ہے لیکن Ascertainment، جناب سپیکر اگر آپ اس کے Legal terminology میں جائیں یا اگر آپ اس کو ڈکشنری میں دیکھیں تو Ascertainment means to make it certain, to make it sure, to inquire جناب سپیکر، اسی لئے یہ Ascertainment چیف منسٹر کیلئے خاص کر اور پرائم منسٹر کیلئے Under Article 91 ضروری ہے۔ چونکہ نیشنل اسمبلی کے رولز میں Lobbies کا سسٹم ہے کہ اس میں، Lobbies میں ممبرز جاتے ہیں For and against، چونکہ ہمارے رولز میں اس کا ذکر نہیں ہے اور جس طرح جناب سپیکر آپ نے Rule 214 کا ذکر کیا ہے تو جناب سپیکر Save as other wise, provided the vote of the Member on any question put by the Speaker may be taken by voice، اب Voice vote جو ہے وہ Determine نہیں کرتا کہ کتنے ووٹ لئے گئے ہیں، وہ آپ کو، سپیکر کو، چیئر کو یہ Determine کرتا ہے کہ Majority کدھر ہے اور Minority کدھر ہے لیکن Voice vote آپ کو Determine نہیں کرتا کہ کتنے ووٹ چیف منسٹر صاحب نے لئے ہیں؟ اور چونکہ آپ نے خود جو نام پڑھ کر سنائے ہیں، کوئی اور Candidate نہیں ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ سارا ہاؤس ان پر اعتماد کرتا ہے اور ان کو ووٹ دیتا ہے تو اس لئے میں جناب سپیکر، یا تو آپ 214 کو ایک منٹ کے لئے Suspend کر کے، میرا مطلب ہے کہ یہ سارے ممبران سے کہیں کہ ان کے Favour میں جو ہوں وہ سیٹوں پر کھڑے ہو جائیں یا ہاتھ اٹھائیں تاکہ آپ کو گنتی میں آسانی ہو اور یہ Determination ہو جائے کہ Ascertainment میں چیف منسٹر کو کتنے ووٹ آئے ہوئے ہیں ورنہ اگر آپ Voice سے کرینگے تو میرے خیال میں Voice vote آپ کو وہ نہیں Provide کریگا۔

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو عبدالاکبر خان صاحب، Suspend کرنے کی ضرورت نہیں ہے دوسرا Provision بھی ہے۔ میں آپ کے اس پر آتا ہوں، ابھی میں دونوں کو Adopt کرنا چاہ رہا ہوں۔ جو معزز ممبران صاحبان جناب امیر حیدر خان صاحب ایم پی اے کے حق میں ہیں وہ "ہاں" میں جواب دے دیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو۔ اب جو ممبران حق میں نہیں ہیں وہ "ناں" میں جواب دے دیں۔ تھینک یو۔ (مداخلت) آپ بیٹھیں نا میں اس طرف ہی آ رہا ہوں۔ اب عبدالاکبر خان صاحب، جو Provision

اس میں آ رہی ہے میں نے خود پڑھی ہے ابھی، اس پر بھی میں، چونکہ ایک اچھی Consensus build up ہوئی ہے ایک اچھا ماحول ہے تو میں خود بھی، وہ سونے پر سہاگہ والی بات کر رہا ہوں، جو معزز ممبران صاحبان جناب امیر حیدر خان صاحب، ایم پی اے کے حق میں ہیں اپنی سیٹوں کے سامنے کھڑے ہو جائیں۔ سیکرٹری صاحب سے گزارش ہے کہ وہ گنتی کر لیں۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> کھڑے رہیں، معزز ممبران صاحبان! کھڑے رہیں۔ اچھا ماحول ہے، اس ماحول کو اسی طریقے سے چلائیں، آج اس اسمبلی کیلئے بہت خوشی کا دن ہے ___ یہ ایک Formality کی بات تھی اور مجھے تو کوئی ممبر سوائے قائد ایوان کے بیٹھے ہوئے نظر نہیں آ رہا ہے۔ آپ کو اپنے آپ پر اعتماد ہے؟

(اس مرحلے پر جناب امیر حیدر خان، ایم پی اے اپنی سیٹ کے سامنے کھڑے ہو گئے)

(تالیاں)

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you. Thank you very much.

تعداد، جو بھی فگر بنتا ہے سارے اسمبلی کا، اس وقت Sitting، وہ فگر مجھے دے دیں۔ اب (گنتی جاری ہے) پرویز خان چونکہ ہمارے ایم پی اے صاحب ایک لیٹ آئے ہیں تو ان کو بھی اس گنتی میں شمار کر لیں۔ جو معزز ممبران صاحبان ابھی تشریف لائے ہیں، پرویز خان! آپ، محمود زیب صاحب اور تیسرا کون ہے؟ ___ جو بھی تھا اور اس کے بعد جو تشریف لائے ہیں ___ جو صاحبان ابھی آئے ہیں، جو تین بندے، ان سے گزارش کرتا ہوں کہ اگر آپ، اس وقت چونکہ ایک ہی ہمارے Candidate جناب امیر حیدر خان صاحب ایم پی اے، کے حق میں ہیں تو آپ پہلے کھڑے ہو جائیں جو ہاں میں ہیں، تھینک یو جی، ان کو بھی شمار کر لیں ___ جناب طہماش خان صاحب! آپ لیٹ آئے ہیں تو امیر حیدر خان صاحب چونکہ اس وقت ہمارے قائد ایوان کیلئے امیدوار ہیں، آپ اگر ان کے حق میں ہیں تو آپ کھڑے ہو جائیں۔ اگر، Thank you، نہ بس بولنے کی ضرورت نہیں ہے۔ جناب اختر نواز صاحب! آپ بھی لیٹ آئے ہیں، آپ اگر ہمارے ایم پی اے امیر حیدر خان صاحب کے حق میں ہیں تو آپ کھڑے ہو جائیں۔ Thank you ___ جو ابھی میرے معزز ارکان، جناب وجیہہ الزمان خان صاحب اور مختیار علی خان صاحب تشریف لائے ہیں، ان سے بھی ہم رائے لیتے ہیں کہ جناب امیر حیدر خان صاحب ایم پی اے کے قائد ایوان ہونے کے اگر آپ حق میں ہیں تو آپ کھڑے ہو جائیں۔ Thank you، ان کو بھی Count کریں۔ اچھا، جو رزلٹ سامنے آ رہا ہے وہ سنانے سے پہلے میں، ایک بہت اچھی فضا ہے تو ایک ریکویسٹ آپ سے

کروں گا کہ ایسے اہم Occasion پر، اہم موقع پر اجلاس میں اگر آپ بروقت تشریف لایا کریں تو مہربانی ہوگی، Thank you۔ ابھی نہیں ابھی تھوڑی دیر بعد۔ اصل میں ابھی رزلٹ Announce نہیں ہوا ہے تو اس میں ہم ان کو شامل کر سکتے ہیں۔ اچھا ابھی جو ہماری، آپ کی رائے آ رہی ہے، موجودہ وقت میں ہمارے معزز ممبران اسمبلی، خواتین اور جتنے جو بیٹھے ہیں، ٹوٹل 113 ہیں۔

(تالیاں) اور جو ووٹ امیر حیدر خان صاحب کو ملے ہیں وہ بھی 113 مکمل ہیں۔ (تالیاں)

تو آپ کی اس رائے کو دیکھتے ہوئے میں، جناب امیر حیدر خان صاحب، ایم پی اے کو جملہ معزز ممبران صاحبان کی اکثریت کی تائید حاصل ہے لہذا انہیں وزیر اعلیٰ کے منصب کیلئے کامیاب قرار دیا جاتا ہے۔

(تالیاں) Thank you , Thank you ایک منٹ، ایک منٹ۔ اب میں ___ اس وقت جتنے بھی ممبر ز ہیں، اس کو Unanimously کہا جاتا ہے، Unanimously Elect ہو گئے ہیں۔ جناب عالم زیب خان صاحب! آپ سے گزارش ہے کہ آپ PF-7 کی سیٹ پر چلے جائیں اور آپ ہمارے قائد ایوان کیلئے یہ سیٹ خالی کر دیں۔ قائد ایوان! (تالیاں) سب سے پہلے میں جناب وزیر اعلیٰ صاحب کو اپنے دل کی اتاہ گہرایوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں او پښتو کښې هم د رته وایمه چه دے هاؤس، دے معزز ممبرانو صاحبانو او زمونږه دے ټولو خواتین، زمونږه خوائندوچه په کومه طریقه تاسو باندے یا تاسو نه مخکښې د سپیکر او د ډپټی سپیکر په سلسله کښې په مونږ باندے د اعتماد اظهار کړے وو، دے صوبے باندے دا د الله تعالیٰ یو ډیر رحم دے چه په وړومبی ځل باندے یو دومره ښائسته د رورولئ ماحول جوړ شو۔ اوس به تاسو او مونږ باندے یو انتهائی غټه ذمه واری راځی نو کوشش به کوؤ چه مونږه د دے ایوان چه کومو ورونړو او خوائندو ځومره اعتماد په مونږه اوکړو چه د هغے جواب په دغه شانتے ښائسته الفاظو کښې مونږ هم ورله ورکړو۔ تهینک یوجی۔ جی جناب رحیم داد خان صاحب۔

## سپاس تہنیت

<u>جناب رحیم داد خان:</u> بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ د ټولو نه مخکښې چه زه قائد ایوان حیدر خان هوتی له مبارکباد ورکړم، د هغے نه مخکښې زه اسفندیار ولی خان، اعظم خان هوتی، افرسیاب خټک چه دلته کښې تشریف راوړے دے، هغوی ته خوش

آمدید کوم۔ جناب سپیکر! زمونږ د پاره ډیر د خوشحالئ خبره ده چه دے هاؤس داسے یو نوجوان قائد ایوان منتخب کړو چه هغه کښې کوم صلاحیتونه دی او هغوی سره مونږ وخت تیر کړے دے ، ډیرو کمو خلقو کښې هغه صلاحیتونه به وی۔ دوئ چه کوم خنده پیشانئ سره ممبرانو سره، عوامو سره ملاویږی او دے نه غټه د فخر خبره دا ده چه زمونږ په دے صوبه کښې چه کوم مشکلات دی، تکلیفات دی، بے روزګاری ده، بدآمنی ده، مهنګائی ده، جهالت دے ، داسے ځایونه هم شته چه د ښښکلو اوبه هم چا ته نه ملاویږی او بیا داسے یو عظیمه خبره چه د دے صوبے خپل نوم هم نیشته، دے ټولو څیزونو باندے د دوئ نظر دے او زمونږه هم نظر دے او انشاءالله تعالیٰ زمونږ دا صوبه، زمونږ د دے صوبے خلق څومره محرومه پاتے شوے وو د ترقیاتی کارونو، د بے روزګارئ، د تعلیم کمے ، علاج او انشاءالله تعالیٰ دا متفقه ایوان به د دوئ په شا باندے ولاړ وی او د دے عوامو خدمت، که په کوم یو شعبه کښې دے ، انشاءالله تعالیٰ مونږ به چیف منسټر صاحب سره د هغه شانه به شانه ولاړ یو او بیا ورسره دا خبره هم کوؤچه کوم د مرکزځه داسے خبره وی، هغه ځائے کښې مشکلات وی نو هغے دغه د پاره هم تاسو زمونږه یو دویم فریق پاکستان پیپلز پارټی چه کوم ده هغه تاسو سره په دے حکومت کښې شامله ده، مونږه هغے Bridgeجوړیدو ته تیار یو بلکه مونږه ستاسو او د هغے مرکزی حکومت په مینځ کښې د یو برج حیثیت لرو او انشاءالله تعالیٰ زمونږ مرکزی قیادت هم صوبائی خودمختارئ باندے یقین لری او کوم اوس چه خبرے د Hundred daysدی، هغه کوم منشور چه ئے ورکړے دے نو په هغے دغه باندے عوام چه کوم دی، د هغے ستاینه کوی او مطمئن دی چه یره انشاءالله تعالیٰ کوم مشکلات، کوم تکلیفات چه دی، ډیر زر، په هره صوبه کښې چه کوم خلق دی او بالخصوص مونږ په فرنټ لائن باندے یو نو دغه تکلیفات، مشکلات به نه وی۔ پیر صاحب نشاندهی او کړه د American، زمونږه د دے هاؤس د یو ممبر په حیثیت او د پاکستان پیپلز پارټی د یو غړی په حیثیت مونږ به یو هم غیر ملکی، که غټ دے که ورکوټے دے ، هغوی ته دا اجازت مونږه نه شو ورکولے چه زمونږه په دے دغه کښې مداخلت اوکړی۔ (تالیاں) او ښکاره خبره ده، څنګه چیف منسټر صاحب مخکښې خبرے کړے دی نو مونږه، هغه خبره

مرکزی حکومت هم کوی چه مونږه دا کومے مسئلے چه دی، دا په ټوپک او په ګولئ باندے به مونږه نه هوا روؤ او دا به مونږه په خبرو باندے کوؤ او د هغے د پاره تدابیر هم شته، مونږه په هغے سلسله کښ انشاءالله تعالیٰ صوبائی حکومت چه کوم دے هغوی سره ملګرتیا کوی چه دا مسئلے چه کوم دی، همیشه د پاره ختمے شی۔ زه خپلے خبرے ختموم، ډیره مهربانی شکریه۔

جناب سپیکر: جناب اکرم خان درانی صاحب۔

جناب اکرم خان درانی: جناب سپیکر! ستاسو شکریه۔ مونږ په دے خوشګوار ماحول کښ د امیر حیدر هوتی صاحب د وزیر اعلیٰ په حیثیت انتخاب باندے، د هغه نه وړاندے د هغه د پارټئ مشر اسفندیار ولی صاحب، د هغه پلار اعظم هوتی صاحب، د هغه د پارټئ صوبائی صدر افرسیاب خان ته د ده په کامیابئ باندے مبارکباد پیش کوؤ او ځنګه چه د دے صوبے د عوامو خواهشات دی، تاسو او مونږ ټول د دے خلقو سره نزدے پاتے کیدلو والا خلق یو، د کلی د کوځے د حجرے نه خبر یو، د دے معزز ایوان نه هم، د دے حالاتو مطابق هم دا تقاضه کوی، دا خواهش لری چه د دے صوبے د غربت ختمولو د پاره د امن د امان راوستولو د پاره، د دے منتخبو اراکینو به هم دغه رول وی چه دا نن د دے ایوان نه متفقه طور باندے یو Messageلاړو او دا اعزاز هم د دے صوبے عوامو ته حاصل دے چه کومه رواداری په دے صوبه کښ ده، هغه نن په مرکز کښ هم راغله او هلته هم قائد ایوان ته د اعتماد ووټ Unanimouslyحاصل شو په هغے کښ هم اختلاف نه وو خو زه وایم چه دا ښکلا چه ده او دا روایات چه دی، دا د دے صوبے نه هغے خلقو ایزده کړل او هغوی هم په دے باندے عمل او کړو او په دغه شان باندے د منتخب حکومت نه هم زمونږ دغه توقع ده چه ځنګه یو خوږ آغاز دے چه دا دے هره ورځ، هره هفته، هره میاشت او خدائے د او کړی چه دا پنځه کاله پوره کړی، چه دا پنځه کاله هم په دے روایاتو او په دے انداز باندے وی۔ مونږ حقیقت دا دے د اپوزیشن کردار به ادا کوؤ۔ خلق، پرون هم دے پولیس والو دلته بهر تپوس او کړو چه ستاسو اپوزیشن به Friendlyوی؟ نو ما وئیل چه اپوزیشن خو وی Friendly، دا خو د دشمنانو خبره نه ده، دے کښ دلته د پوهے خبره ده، دلته په حکومت باندے ذمه داریانے وی، ډیرے داسے خبرے

وی چه هغے کښ د دوئ خیال نه وی نو د اپوزیشن دا کار وی چه هغوی ته ئے
یاد کړی۔ د حکومت مجبوریانے وی، د هغوی نه کله کله غلط کار هم کیږی، د
اپوزیشن دا کار دے چه په هغه غلط کار باندے گوته ورته کیږدی چه دا غلط
کار دے ، بیا منل نه منل دا د حکومت کار وی خو د اپوزیشن هم دغه رول وی او
انشاءالله مونږ په دے بنیاد باندے خبره کوو۔ څنګه چه پیر صاحب خبره او کړه،
پاکستان یو خود مختار ملک دے ، یو آزاد ملک دے او دا چا مونږ ته په خیرات
کښ نه دے راکړے۔ د دے ملک د پاره، د دے ملک د آزادی د پاره زمونږ په
لکهونو خلق شهیدان شوی دی، زمونږ په لکهونو خوائندے مائندے کونډے
شوی دی او زمونږ په کورونو کښ د تور سرو نه د سر لوپټے د دے ملک د
آزادئ د پاره اغستے شوی دی او بیا د دے ملک ډیرو درنو خلقو د آزادئ د
پاره د خپل کور نه حجرت کړے دے او په ځان باندے ئے سختے تیرے کړی دی۔
مونږ هیڅ کله دے ته تیار نه یو چه داسے یو Statement په اخبار کښ هم راشی یا
په ریډیو، طاقت چه دے ، سپر طاقت الله دے ، مونږ امریکے ته سپر طاقت نه
وایو۔ مونږ مسلمانان یو، زمونږ په الله تعالیٰ باندے تکیه ده، زمونږ ایمان دے
چه هغه لوئے طاقت دے او د دے په بنیاد باندے Statement چه دے ، دا د
پاکستان په خودمختارئ، آزادئ او په سالمیت باندے وار دے۔ مونږ هرگز دے
ته تیار نه یو او زه به د دے نن ښے ورځے په دے خوشحالئ باندے چه دا ورځ یوه
ورځ ماته هم حاصله وه چه څنګه امیر حیدر خان ته نن ملاؤ ده او دا د دے ملک
په بناء ده، د دے ملک په بنیاد ده، که چرته دا ملک وی نو بیا به دلته امیر حیدر
خان وزیر اعلیٰ جوړیږی، که چرته دا ملک وی نو بیا به زمونږه Prime
Minister وی ۔ پکار ده چه مونږ Unanimously دلته Resolution راولو نن او
زبردست احتجاج او کړو چه آئنده داسے سوچ هم بل ملک نه او کړی نو زه به د
دے معزز ایوان په وساطت باندے تاسو ته گزارش او کړم چه ټول پارلیمانی
لیډرز دلته کینی او په متفقه طور دغه یو Resolution راوالی او د دے صوبے او
د ملک عوامو ته مونږ دا ښے ورکړو چه د دے معزز هر یو رکن چه دے ، هغه د
پاکستان محافظ دے او هغه د پاکستان په سالمیت باندے هیڅ قسم سمجهوته نه
شی کولے۔ زه د رحیم داد خان هم شکریه ادا کوم چه هغه، د پیر صاحب هم

شکریه ادا کوم او زه به یو خواست کوم د دے ایوان نه چه یو متفقه قرارداد راولو او د دے ایوان نه ئے پاس کړو او یو ځل بیا حیدر خان ته مبارکباد پیش کوم۔

<u>جناب سپیکر:</u> *جناب بشیر بلور صاحب۔ میں توآپ کوسب سے بعد میں نمبر دے رہا تھاکیونکہ آپ کے گھر کی خوشی ہے لیکن آپ بسم اللہ کریں۔*

<u>*جناب بشیر احمد بلور:*</u> بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب! ستاسو ډیر شکر گزار یمه چه تاسو ماته ټائم راکړو۔ ټولو نه مخکښې زه د خپلو ټولو ملګرو، ټولو ممبرانو صاحبانو خاصکر د اپوزیشن مشرانو ممبرانو صاحبانو د زړه د کومی شکر گزار یمه چه دوئ یو نوے روایت قائم کړو، Unanimouslyنن د خدائے فضل دے چه چیف منسټر صاحب Electشو د دے هاؤس نه۔ سپیکر صاحب! 1988ء نه مخکښې طریقه کار به دا وو چه ګورنر به وزیر اعلیٰ نامزد کړو، هغه به بیاد هاؤس نه Confidence voteاغستو۔ د هغے نه پس پهلا ځل نن د خدائے فضل دے چه نن Unanimouslyتاریخ کښې پهلا ځل زمونږه حیدر هوتی خان د دے صوبے وزیر اعلیٰ Unanimously Electشو۔ سپیکر صاحب! زمونږ د سیاست بنیاد، هغه د خدائی خدمتګار تحریک نه چلیږی۔ سپیکر صاحب! خدائے ته د خدمت ضرورت نیشته خو د خدائے د عوامو خدمت چه دے، هغه د خدائے خدمت دے۔ سپیکر صاحب! زمونږ د سیاست بنیاد غیر فرقه وارانه سیاست دے، مونږ د انسانیت خدمت کول غواړو او د انسانیت خدمت چه دے، هغه هم د خدائے خدمت دے۔ سپیکر صاحب! مونږ بغیر رنګ و نسل هر یو کس برابر ګنړو دے پاکستان کښې۔ سپیکر صاحب! مونږ غواړو چه دا اداره د مضبوطه وی، چه ادارے مضبوطے وی نو داچه کوم طالع آزما دی، کله هم بیا حکومتونو باندے قبضه نه شی کولے۔ زمونږ بدقسمتی دا ده چه کله نه پاکستان جوړ دے هغے ادارو ته هغه اهمیت نه دے ملاؤ شوے۔ چه ادارے مضبوطے اوساتو نو انشاءاللہ زما یقین دے چه پنځه کاله دا اسمبلی به هم پوره کوی، مرکز به هم پوره کوی او پاکستان کښې به جمهوریت راځی۔ سپیکر صاحب! همیشه زمونږ دا بنیادی سیاست وو چه زمونږ صوبے مضبوطے وی نو پاکستان به مضبوط وی۔ نن د خدائے فضل سره په دے فخر کوم چه ټولے پارټئ چه دی،

هر یو پارټی هم دا وائی چه صوبائی خودمختاری د راشی، د ټول پاکستان سیاستدانان هم دا وائی چه صوبے مضبوطے وی نو پاکستان به مضبوط وی، په دے مونږ فخر کوؤ۔ سپیکر صاحب! زما ورور خبره اوکړه چه دا حکومت، چه پاکستان جوړ شو زمونږ د مشرانو جدوجهد وو، ملک آزاد شو، په دے هم فخر کوئ یعنی تاسو As a Speaker یئ، نن حیدر هوتی خان As Chief Minister ناست دے، مونږ ټول دے هاؤس کښ ناست یو، دا هم د باچا خان د هغه ډیر لوئے جدوجهد نتیجه ده ګنی دلته خو یو یونټ وو، دا ټولے اسمبلئ چه وے مرکز سره، لاهور کښ به یو ګورنر وو، هلته به یو وزیراعلیٰ وو باقی صوبے به نه وے نو د 1958ء مارشل لاء کښ دا څیز ختم شو او یو یونټ جوړ شو، نو بیا باچا خان جدوجهد او کړو، د دے پارټئ خلقو جدوجهد او کړو، زرګونو کسان جیلونو ته لاړل، جنازے راواوستلے شوے، هغے نه باوجود دے جدوجهد نه پس خدائے مهربانی اوکړه چه دا یونټ مات شو او دا صوبے بحال شوے۔ نن دا ټول دلته کښ چه ناست یو مونږ ټول، د هغے مشر په جدوجهد باندے نن دا صوبے واپس راغلی دی۔ سپیکر صاحب! زه ستاسو په دے خبره چه مونږ د اورونو ډیر تفصیلات اوښائیل او مونږ هم تقریباً دوه ورځو نه دا اعتراضونه، وائی چه دلته لاء اینډ آرډرSituationخراب دے، Suicide missionکیږی۔ Policy matterچه دے، هغه مرکز جوړوی نو چه مرکز، د خدائے فضل سره دے ځل Unanimousهلته هم حکومت جوړ دے، ټول مفاهمت سره خبرے کیږی، امید دے چه دا خپله پالیسی به هغوی ټهیک کړی نو د Terrorismپه مسئلے باندے دلته ډیر زیات تکلیف دے د صوبے خلقو ته، زما ورور خبرے اوکړے، هسپتالونه دی، لوډ شیډنګ دے، Law & order situationدے، مهنګائی ده، بے روزګاری ده، ډیر لوئے چیلنجز دی خو دا بغیر د وسائلو نه نه کیږی۔ زه به خواست کوم ټولو مشرانو، د پارټو مشرانو ته چه خپل مرکزی مشرانو ته او وائی چه زمونږ د صوبے وسائل د مونږ ته راکړی، بغیر د وسائلو نه مسائل نه شی حل کیدے۔ زمونږ به کوشش دا وی چه زمونږ د بجلئ پرافټ، زمونږ د تمباکو پرافټ، زمونږ د ګیس پرافټ او زمونږ د معدنیاتو پرافټ او زمونږ دا کوم وسائل چه دی، مونږ ته د حواله کړے شی نو انشاءالله زما یقین دے چه مونږ به دا

مسائل حل کوؤ نو ستاسو او د دے ټول هاؤس یو ځل بیا ډیره شکریه ادا کوم، ډیر مشکور یمه د پارټئ د طرف نه او د خپل ټولو ملګرو د طرف نه چه تاسو نن کومه تاریخی فیصله اوکړله، یو تاریخی خبره مو اوکړله چه Unopposed زمونږ حیدر خان هوتی تاسو نن وزیر اعلیٰ کړو۔ ستاسو ډیره مننه، ډیره شکریه۔

<u>جناب سپیکر:</u> ایک خصوصی گزارش ہے کہ پہلے یہ پارلیمنٹری لیڈرز صاحبان بول رہے، تو اگر آج کوشش کریں کہ صرف مبارکباد کی حد تک، اچھی باتوں کی حد تک اس کو رکھیں کیونکہ بہت زیادہ دوست بولنا چاہتے ہیں، مبارکباد دینا چاہتے ہیں تو وقت کی کمی کا ذرا احساس رکھیں۔ جناب، جناب، پہلے پارلیمانی لیڈر، آپ دو منٹ صبر کریں، مختصر مختصر، پیر صابر شاہ صاحب۔

<u>سید محمد صابر شاہ:</u> شکریہ جناب سپیکر، میں جناب امیر حیدر خان ہوتی کو آپ کی وساطت سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور یقیناً بطور وزیر اعلیٰ، ان کا وزیر اعلیٰ بننا یقیناً مبارکباد کا مستحق ہے لیکن اس سے زیادہ اس بات پر ہوتی صاحب مبارکباد کے مستحق ہیں کہ اس معزز ایوان کے تمام جماعتوں کے تمام اراکین جو آزاد ہیں، مختلف جماعتوں سے ہیں، ان سب کا ان پر جو اعتماد کا اظہار ہوا ہے، یہ صوبے کی تاریخ میں، میرے خیال میں یہ اعزاز میں آپ کو دینا چاہتا تھا لیکن میری اصلاح کی گئی کہ پہلی دفعہ ہوا ہے شاید کہ اس سے پہلے کسی کو اتنا بڑا اعزاز نہیں ملا تو یہ بہت بڑے اعزاز کی بات ہے (تالیاں) میں اس بات پہ انہیں مبارکباد دیتا ہوں۔ جناب سپیکر! یہاں پہ ذکر ہوا، یقیناً وزیر اعلیٰ بن جانا، یہ اعزاز حاصل کرنا بہت بڑی بات ہے لیکن جہاں پر یہ بہت بڑے اعزاز کی بات ہے وہاں بطور وزیر اعلیٰ ان پہ جو ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں، تو جب اس صوبے کے حالات کو دیکھتے ہیں، لاء اینڈ آرڈر کے مسائل ہیں، بے روزگاری ہے، مہنگائی ہے، بیرونی مداخلت ہے تو ان ساری چیزوں کو جب دیکھتے ہیں تو جہاں ان پہ ہمیں رشک آتا ہے وہاں تھوڑا ان پہ ترس بھی آتا ہے کہ جناب ہوتی صاحب، ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب کا اچھا خاصا امتحان جو ہے شروع ہو چکا ہے اور یہ بڑا کڑا امتحان ہے جی، لیکن میں ایک بات پہ مطمئن ہوں اور وہ یہ ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی، اس کی ایک سیاسی جدوجہد کی Continuity جو ہے، وہ بہت لمبا اس کا پیریڈ ہے، خصوصاً وزیر اعلیٰ صاحب کے حوالے سے میں یہ کہوں گا کہ ان کا جو خاندانی Back ground ہے اور جو چیز انہیں ورثے میں ملی ہے تو اس میں ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے کہ جناب، میرے خیال میں اس صوبے کے سب سے چھوٹے وزیر اعلیٰ ہوتی صاحب ہیں لیکن دوسری طرف جب میں دیکھتا ہوں کہ یہ ایک بہت بڑے سیاسی Back ground کے ساتھ آرہے ہیں، ان کے پیچھے باچاخان، ولی خان، ان کا پورا خاندان، ان کی جماعت، تو میں

سمجھتا ہوں کہ عمر میں سب سے چھوٹے ہوتے ہوئے بھی ہم یقیناًان سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ یہ اس صوبے کے مسائل کو، سب کو ساتھ لیتے ہوئے انشاء اللہ کامیابی کے ساتھ اس صوبے کو چلائیں گے اور اس کے مسائل کو بھی حل کریں گے۔ مسائل تو بہت ہیں، لاء اینڈ آڈر کا مسئلہ سب سے خطرناک مسئلہ ہے لیکن جیسے میں نے گزارش کی تھی جناب سپیکر، کہ اس وقت صوبہ سرحد، بین الاقوامی جو قوتیں ہیں ان کی توجہ کا مرکز ہے۔ وہ تمام تر، جیسے Americans کی آج براہ راست اس خطے پر نظریں ہیں اور اس خطے کے امن کو تہہ و بالا کرنے کیلئے ان کی طرف سے جو بیانات آرہے ہیں، تو یہ یقیناً بڑا خطرناک مرحلہ ہے۔ میں مشکور ہوں جتنے بھی، جناب درانی صاحب کا، جناب صدر صاحب، رحیم داد خان صاحب کا اور دیگر ساتھیوں کا کہ انہوں نے بڑا show Concern کیا ہے، تو جناب سپیکر! یہ جو Americans کا مسئلہ ہے، یہ جو ہر بات میں اور جو ہمیں غلام بنانے پہ تلے ہوئے ہیں اور جو عزائم سامنے آرہے ہیں، تو اسمیں میں درانی صاحب نے جو تجویز پیش کی ہے کہ آپ مہربانی کر کے اس پر ایک قرارداد تشکیل دے دیں کہ جو پارلیمانی پارٹیز ہیں، ہم مل بیٹھ کر اس پر ایک قرارداد لائیں تاکہ آج، میں سمجھتا ہوں کہ ہوتی صاحب کے وزیر اعلیٰ بننے کا ایک Message بھی جانا چاہئے کہ جناب آج یہاں کے جو منتخب وزیر اعلیٰ ہیں، اس کے ساتھ اس صوبے کے امن، اس خطے میں اور یہاں پر رہنے والے عوام کی جان اور مال اور انکی عزت اور ناموس کی جنگ لڑنے میں وزیر اعلیٰ صاحب اکیلے نہیں ہیں اور ان طاقتوں کو بھی یہ معلوم ہونا چاہئے کہ وہ صوبہ سرحد پر اور اس خطے پر اور پختونوں کے اس سرزمین پر اگر بری نظر بھی رکھیں گے تو انکو سامنے یہ چیز نظر آئے گی کہ آج صوبہ سرحد کے اندر ایک ایسا پختون اس کرسی پر براجمان ہے جس کو پورے ہاؤس کی حمایت حاصل ہے (تالیاں) جس کو ہم سب کی حمایت حاصل ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی اہم ہے کہ آپ آج ہی اس پر یہ قرارداد، رولز کو Suspend کر کے اس پر قرارداد پیش کی جائے۔ ہم انشاء اللہ، میں ہوتی صاحب کو، وزیر اعلی صاحب کو آپکی وساطت سے یہ یقین دلاتا ہوں کہ انشاء اللہ پاکستان مسلم لیگ نواز کی طرف سے جو ہمارا قومی ایجنڈا ہے، جو ہماری قیادت، میاں محمد نواز شریف صاحب، جناب اسفندیار ولی خان صاحب اور آصف زرداری صاحب نے ایک قومی ایجنڈا لے کر آج پاکستان کے اندر سیاست کی نئی روایات مرتب کی ہیں کہ افہام و تفہیم، سب کو ساتھ لے کر چلنے کی اور ایک قومی ایجنڈے کی تشکیل اور اس ایجنڈے کو لے کر ایک ساتھ چلنے کی جو ایک سفر کا آغاز ہوا ہے، انشاء اللہ وتعالیٰ اسی بنیاد پر صوبہ سرحد کے اندر بھی ہم نے اپنے قیادت کی، اپنے جماعتوں کی، اپنے بزرگوں کی، اپنے قومی

قیادتوں کی، انکے اس مشن کو انشاء اللہ آگے بڑھانے میں پاکستان مسلم لیگ بھرپور طریقے سے انشاء اللہ و تعالیٰ آپکا ساتھ دے گی۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپکو کامیاب کرے اور اللہ تعالیٰ آپکا حامی وناصر ہو۔ بہت بہت مہربانی۔(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: جناب پرویز خان خٹک صاحب!

<u>جناب پرویز خٹک</u>: زه د خپل طرف نه جناب امیر حیدر هوتی صاحب ته د وزیر اعلیٰ په حیثیت باندے د منتخب کیدو مبارکبادی پیش کوم او ورسره جناب اسفندیار ولی خان، جناب اعظم هوتی صاحب، جناب افراسیاب خټک ته هم مبارکی پیش کوم چه نن د دے صوبے یو نوجوان زمونږ د وزیر اعلیٰ په حیثیت منتخب شو۔ ورسره زه دے ټول هاؤس ته خراج تحسین پیش کوم چه مونږه ټولو سیاسی اختلاف یو طرف ته کړو او مونږه ټولو په ده باندے اعتماد اوکړو۔ زه هوتی صاحب ته دا یقین دهانی ورکوم چه انشاء اللّٰه تعالیٰ څنګه چه نن دے هاؤس په تاسو باندے اعتماد کړے دے هم دغسے به پنځه کاله مونږه په یو ځائے باندے دا هاؤس چلوؤ، مونږ په یو ځائے باندے به د دے حکومت سپورټ کوؤ او ورسره څنګه چه نن د وزیر اعظم صاحب وینا ده چه فیصلے به په اسمبلو کښ کیږی، فیصلے به د عوامو منتخب خلق کوی، انشاء اللّٰه تعالیٰ د دے صوبے که د خود متخارئ خبره ده، که د دے صوبے د نوم خبره ده، که دلته کښ د مهنګائی خبره ده، که دلته کښ د امن وامان خبره ده، که دلته نورے مسئلے دی، انشاءاللّٰه تعالیٰ دا فیصلے به Unanimouslyپه دے هاؤس کښ کیږی او د منتخب نمائندګانو په مرضئ به کیږی او دغه یوه خبره ده چه دا صوبه به ترقی کوی۔ د نن نه مخکښے هم فیصلے به کیدے، په کمرو کښ به کیدے، یو کس به کولےاو زما انشاء اللّٰه تعالیٰ دا یقین دےچه څنګه دے هاؤس Unanimouslyفیصله کړے ده، دغسے به وزیر اعلیٰ صاحب ځان سره دا هاؤس Unanimousچلوی۔ د دوئ په فیصلو به عمل کوی او د دے صوبے دپاره که هره خبره راځی، که سخته نه سخته خبره راځی انشاءاللّٰه تعالیٰ مونږه به د وزیر اعلیٰ صاحب تائید کوؤ او د دے صوبے دپاره به مونږه هره قربانی ورکوؤ او کومه خبره چه د دے صوبے په فائده کښ وی، انشاء اللّٰه دا ټول هاؤس به Unanimousتاسو سره ولاړ وی۔ ډیره مهربانی، شکریه۔

جناب سپیکر: جناب سکندر لودھی صاحب۔ Sorry قلندر لودھی صاحب۔

جناب قلندر خان لودھی: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ جناب سپیکر۔ میں جناب امیر حیدر خان ہوتی کو بلا مقابلہ لیڈر آف دی ہاؤس منتخب ہونے پر اپنی طرف سے اور اپنی پارٹی کی طرف سے دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ جناب سپیکر! میں نے 29 مارچ کی اپنی تقریر میں ان عوامل کا تفصیلاً ذکر کیا تھا جن کی وجہ سے ایسا ممکن ہو سکا۔ جناب سپیکر! اسکا ایک بہت اچھا Message مرکز کو گیا، اس پر بڑا اچھا اثر پڑا اور تمام قومی اسمبلی نے بلا مقابلہ، اس میں تمام قومی اسمبلی کے ممبران نے وزیر اعظم پر اعتماد کر کے اپنا ووٹ دیا اور اعتماد کا اظہار کیا۔ جناب سپیکر! یہ صحیح ہے کہ پورے ملک میں، صوبے میں لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہے، مہنگائی کا مسئلہ ہے، بے روزگاری کا مسئلہ ہے، صحت اور تعلیم کے مسئلے ہیں۔ ہمارا اہم مسئلہ مرکز سے اپنے صوبے کا حصہ لینے کا ہے لیکن جناب سپیکر! سب سے اہم مسئلہ لاء اینڈ آرڈر کا ہے۔ بچے سکول، کالج، یونیورسٹی بھیجتے ہوئے والدین سوچتے ہیں، مزدور مزدوری پر جانے کیلئے، ملازم ملازمت پر جانے کیلئے اور نمازی مسجد میں جانے کیلئے اور سیاسی میٹنگ اور جلسے سے کتراتا ہے۔ جناب سپیکر! لاء اینڈ آرڈر کا ایسا مسئلہ ہے جس سے عام مکتبہ فکر مند نہیں بلکہ خوفزدہ ہے۔ جناب سپیکر! ان حالات میں نوجوان وزیر اعلیٰ، جناب ہوتی صاحب کے ان بیانات کو سراہتا ہوں ہوں جن میں انہوں نے ہر مکتبہ فکر کو یہ دعوت دی کہ وہ مذاکرات کریں اور انہوں نے متنبہ کیا کہ یہ صوبہ اور زیادہ خون کی ہولی کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ میں ان کی جرات کو سراہتا ہوں۔ جناب سپیکر! طاقت سے یہ مسئلہ حل نہیں ہو سکتا اور اس کا بہتر طریقہ مذاکرات ہیں جس کی طرف پیشگی ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب نے قدم اٹھا دیا ہے۔ جناب سپیکر! ہم، اے این پی والے اور پیپلز پارٹی، پاکستان پیپلز پارٹی والے پانچ سال اپوزیشن میں رہے ہیں، ہماری بہت اچھی Understanding ہے ایک دوسرے کے ساتھ۔ ہم انشاء اللہ ان کے ہر مثبت اقدام کو سپورٹ دیتے رہینگے اور جو بیرونی مداخلت ہے، اس کو میں condemn کرتا ہوں اور اس کی ہم مذمت کرتے ہیں۔ شکریہ جناب سپیکر۔ (تالیاں)

Mr. Speaker. The House is adjourned for tea break but for only twenty minutes. Thank you.

(اس مرحلہ پر چائے کیلئے وقفہ کیا گیا)

(چائے وقفہ کے بعد اجلاس کی کارروائی)

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ معزز خواتین کی طرف آتے ہیں۔ نگہت اورکزئی بی بی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: اس وقت جس ہستی کو میں آپکے توسط سے مبارکباد پیش کرنا چاہتی ہوں وہ اس وقت کرسی پر موجود نہیں ہے لیکن بہر حال انکی پارٹی یہاں پر موجود ہے اور وہ میرے جذبات ان تک پہنچادیں گے۔ جناب سپیکر صاحب! آج جو یہاں پر اپوزیشن نے ایک نئی روایت قائم کرتے ہوئے نہ صرف پاکستان میں پہلی دفعہ، اگر میں غلط نہیں ہوں تو پاکستان میں پہلی دفعہ ایک بہت بڑا اعزاز ہمارے نئے Chief Executive کو ملا ہے کہ وہ بلا مقابلہ اور بغیر کسی مقابلے کے یہاں پر منتخب ہوئے اور انہوں نے، جیسا کہ لوگ پھول کا سیج سمجھتے ہیں لیکن میں یہ بس سمجھتی ہوں کہ ان کے ناتواں کاندھوں پہ صوبے کے گوناگوں مسائل کے انبار جس کے تلے عوام پسے ہوئے ہیں، وہ تمام ذمہ داریاں ان پر آن پڑی ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! میں صرف مبارکباد اور صرف ایک دو باتوں تک محدود رہتے ہوئے آپ کے توسط سے پھر اس ہاؤس میں ایک ایسی ہستی کا نام لونگی، جس نشت پر آپ بیٹھے ہوئے ہیں یہاں پر بخت جہاں صاحب نے پانچ سال گزارے تھے اور انہوں نے، میں یہ سمجھتی ہوں کہ چونکہ آج ہاؤس کی خوشیاں جو ہیں، وہ اے این پی اور پیپلز پارٹی کی خوشیاں ہیں کیونکہ گورنمنٹ تو یہ Form کرنے جارہے ہیں، تو میرا تو خیال یہی تھا کہ چونکہ آج یہ جو لمحہ آیا ہے، جو تاریخی لمحہ ہے، یہ صرف اپوزیشن کی بدولت آپ لوگوں کو ملا ہے۔ تو جناب سپیکر صاحب، اگر گھر کے ہی لوگ مبارکباد دینے کیلئے سب سے پہلے پیش پیش ہو جائیں تو میں سمجھتی ہوں کہ ان لوگوں کو فرداً فرداً موقع، ہر ایک پارٹی کے ہر ممبر کو ملنا چاہئے تھا، جن کا اگر ایک ووٹ بھی ہوتا تو آج چیف ایگزیکٹو صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، وہ بلا مقابلہ نہیں ہوتے بلکہ مقابلے کے ساتھ آتے۔ جناب سپیکر صاحب! یہ وہ تاریخی لمحہ ہے جن کے بارے میں میں ان سے صرف اتنا ہی کہونگی کہ:

ے تاریخ کی گھڑیوں نے وہ وقت بھی دیکھا ہے — لمحوں نے خطا کی تھی صدیوں نے سزا پائی

اور جناب سپیکر صاحب، آج آپ جس کرسی پر براجماں ہیں، اسی کے اوپر ایک ایسی تصویر لگی ہوئی ہے جس کو میں سلوٹ پیش کرتی ہوں کیونکہ آج اس شخص کی وجہ سے اور تمام قوم کی وجہ سے پاکستان ہمیں ملا اور آپ اس کرسی پر براجماں ہیں اور چیف ایگزیکٹو جو ہیں، وہ بلا مقابلہ اس صوبے کے عوام کے کاموں کیلئے منتخب ہوئے ہیں اور میں سمجھتی ہوں، میں ان سے آپ کے توسط سے ایک گزارش اور کرونگی۔ میں کسی مسائل کی طرف نہیں جاونگی کیونکہ آج خوشیوں کا موقع ہے۔ جناب سپیکر صاحب! میری ریکویسٹ ہوگی چیف منسٹر صاحب سے، جو منتخب ہو چکے ہیں کہ خدارا ہمیں پچھلی حکومت کی طرح دیوار کے ساتھ نہ لگایا جائے۔ آج جس جرگے کی باتیں یہاں پر ہوتی ہیں، آج جس ح جرے کی باتیں یہاں پر ہوتی ہیں، وہاں پر

بہت کچھ ہم سہہ چکے ہیں اور آج اگر اپوزیشن کا فرد یہاں پر آتا ہے، بشمول خواتین تو وہ یہاں پر اپنے لوگوں کے مسائل لے کر آتی ہیں اور آتے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! خواتین اور مردوں کو یہاں سے، جب اسمبلی گیٹ سے ہم باہر نکل جائیں تو ہم میں بالکل تمیز کی جائے کہ ہم خواتین ہیں اور آپ مرد ہیں لیکن جب ہم Enter ہوں تو ہمیں ایک ممبر کی حیثیت دیں، ہمارے ووٹ کو، ہمارے تمام مسائل کو Consider کریں۔ چونکہ ہم بھی اپنے حلقوں سے، اگر یہ جنرل الیکشن سے آتے ہیں تو ہم Electoral college کے ذریعے آتے ہیں۔ میں تمام پارٹی کی خواتین کی طرف سے یہ ریکویسٹ کرونگی کہ ہمیں اس ہاؤس میں جس طریقے سے پچھلی دفعہ پیسا گیا اس طریقے سے آپ خواتین کے ساتھ رویہ نہ رکھیں، انکو ممبر کی طرح سمجھیں، انکو وہ تمام سہولیتں اور وہ تمام انکے Rights دیں جو ایک ممبر کا حق ہوتا ہے۔ اسکے باوجود میں دوبارہ ریکویسٹ کرونگی کہ اپوزیشن کے ممبران کو فرداً فرداً، اگر آپ انکو، جیسے ہماری پارٹی کے وجیہہ الزمان صاحب ہیں، ثناء اللہ میاں خیل صاحب ہیں اور اسکے علاوہ ظاہر شاہ صاحب ہیں، تو اگر انکو موقع دیا جائے جناب سپیکر صاحب تو یہ خوش ہونگے کیونکہ انہی کے ووٹوں سے آج یہ تاریخی لمحہ آیا ہے۔ تھینک یو جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر</u>: مہر سلطانہ ایڈووکیٹ، اور گزارش یہ ہے کہ ذرا نام واضح لکھیں، صحیح طریقے سے پڑھے نہیں جاتے، نیچے اپنا آزاد یا پارٹی Party affiliation بھی تھوڑا لکھ کر بھیجا کریں۔ تھینک یو۔

<u>محترمہ مہر سلطانہ</u>: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب کہ آپ نے مجھے موقع دیا تاکہ میں آج اسی دن جو کہ بہت مبارک اور خوبصورت دن ہے، اس میں کچھ کہہ سکوں۔ سب سے پہلے تو چیف منسٹر صاحب کو انکے Unanimously چیف منسٹر بننے پر ہماری پارٹی کی جانب سے بہت بہت مبارکباد قبول ہو اور آج میں یہ بھی کہنا چاہتی ہوں کہ ہمارے پارلیمانی لیڈر محمد پیر صابر شاہ صاحب کی قیادت میں ہماری سپورٹ، ہمارا تعاون انکے ساتھ، ملک کو جو درپیش مسائل ہیں انکو حل کرنے میں ہمیشہ رہے گا اور ہم ان سے بھی شفقت اور تعاون کی توقع رکھتے ہیں- Thank you-

<u>جناب سپیکر</u>: میرے اقلیت کے برداری سے جو بھی معزز رکن بولنا چاہے وہ کھڑا ہو جائے۔ کشور کمار، کشور کمار۔ پہلے کشور کمار کو ذرا دیں۔

<u>جناب کشور کمار</u>: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر! درست نام پکارنے پر شکریہ۔ سب سے پہلے میں جناب وزیر اعلیٰ امیر حیدر خان ہوتی صاحب کو اپنی طرف سے اور صوبہ سرحد کی پوری ینارٹی کی

